سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی زیر صدارت "ہنر مند اسیر پروگرام" بارے اعلیٰ سطحی اجلاس

ہر جیل میں تیار کردہ مصنوعات کی مقدار اور قیدی کو ملنے والا معاوضہ سپرنٹنڈنٹ جیل کی کارکردگی میں شمار ہو گا۔ سیکرٹری داخلہ نے کیمپ جیل لاہور کا بھی دورہ کیا اور تربیتی سلائی سینٹر کا افتتاح کیا۔ انھوں نے جیلوں میں ہنر مند اسیران کی تیار کردہ مصنوعات کی مارکیٹنگ کیلئے خصوصی طور پر تیار کردہ موونگ ڈسپلے سینٹر کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ محکمہ داخلہ قیدیوں کی بحالی، ہنر مندی اور سماجی و معاشی ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہا ہے۔